# 27029 - مسجد مکمل ہونے پر جانور ذبح کرنے کا حکم

**سوال**

جب مسجد کی تعمیر مکمل ہو تو بعض افراد کا خیال ہے کہ وہاں اس وقت تك فرضی نماز یا خطبہ جمعہ جائز نہیں جب تك گائے یا بکرے خرید کر ذبح کر کے لوگوں کی دعوت نہ کی جائے، ان کا خیال ہے کہ اگر وہاں بغیر ذبح کیے امام نماز پڑھائے تو وہ اپنی موت سے قبل ہی فوت ہو جاتا ہے، کیا یہ کلام صحیح ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اس سب کی کوئی اصل اور دلیل نہیں، لوگوں کا یہ خیال اور اعتقاد غلط ہے، جو شخص بھی ایسا خیال رکھے یا ایسا کرے تو اسے اس سے روکنا چاہیے؛ کیونکہ یہ دین میں بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے.

جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا صحیح حدیث میں فرمان ہے:

" جس کسی نے بھی ہمارے اس دین میں کوئی نیا کام نکالا جس پر ہمارا حکم نہیں تو وہ مردود ہے "

اسے امام مسلم رحمہ اللہ نے صحیح مسلم میں روایت کیا ہے.